فوری ریلیز کے لیے: 20/4/2023 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کا سینٹرل ایسٹ انرجی کنیکٹ ٹرانسمیشن پراجیکٹ پر پیش رفت کا اعلان***

***سکینیکٹیڈی کاؤنٹی میں پرنس ٹاؤن سب سٹیشن انرجیائزیشن نے پروجیکٹ کو 75 فیصد تکمیل کے نشان تک پہنچا دیا***

***مارسی سے نیو سکاٹ لینڈ تک 93 میل ٹرانسمیشن اپ گریڈ انتہائی موسم کے خلاف گرڈ کو سخت بنانے میں مدد کرتی ہے اور نیو یارک کے صاف توانائی کے اہداف کو آگے بڑھاتی ہے***

***تصاویر، CEEC منصوبے کا نقشہ اور نئی ٹرانسمیشن کی سرمایہ کاریوں کا ایک ریاست گیر جامع نقشہ دیکھیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج سینٹرل ایسٹ انرجی کنیکٹ ٹرانسمیشن منصوبے پر اہم پیش رفت کا اعلان کیا جو موہاک ویلی سے کیپٹل ضلع تک پھیلی ہوئی ہے۔ اونیڈا کاؤنٹی میں مارسی اور البانی کاؤنٹی میں نیو سکاٹ لینڈ کے درمیان ٹرانسمیشن لائنوں کا جامع اپ گریڈ ریاست بھر میں صاف توانائی کی ہموار ترسیل میں معاونت کرتا ہے۔ اس ہفتۂ ارض کا جشن منانے میں کیے جانے والے اعلانات کے سلسلے کے ایک جزو کے طور پر، گورنر Hochul نے سکینیکٹیڈی کاؤنٹی میں ایک نئے جدید ترین پرنس ٹاؤن سب سٹیشن کی تعمیراتی تکمیل اور توانائی کا اعتراف کیا جو سینٹرل ایسٹ انرجی کنیکٹ پروجیکٹ کا حصہ ہے۔ توانائی کا نیا بنیادی ڈھانچہ بجلی کی منتقلی کی صلاحیت میں اضافے کے قابل بناتا ہے، قابلِ تجدید توانائی کے وسیع راستوں کو قابل بناتا ہے، اور ریاست کے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ میں بیان کردہ صاف توانائی کے اہداف کو آگے بڑھاتے ہوئے ریاستی پاور گرڈ کی بھروسہ مندی اور لچک کو بہتر بناتا ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "جبکہ ہم موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں، نیو یارک کے ترسیلی نظام کی تجدید کرنا بجلی کے نظام کو سخت کرنے اور مزید قابلِ تجدید توانائی کے لیے سب سے اہم ترجیحات میں سے ایک بن گیا ہے۔ سنٹرل ایسٹ انرجی کنیکٹ کے اس سنگِ میل کے ساتھ، ہم موسمی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے میں مدد کے لیے اپنے الیکٹرک گرڈ کو بہتر بنا رہے ہیں اور اپ گریڈ کر رہے ہیں، یہ سب کچھ اچھی تنخواہ والی صاف توانائی کی ملازمتوں میں معاون ہے"۔

سینٹرل ایسٹ انرجی کنیکٹ (Central East Energy Connect, CEEC) منصبوے پر فروری 2021 میں کام شروع ہوا تھا تاکہ موہاک ویلی اور دارالحکومت کے علاقے میں 93 میل کے فاصلے پر برقی ترسیل کی صلاحیت کو بڑھایا جا سکے جو کہ روایتی طور پر ریاست کے سب سے زیادہ بھیڑ والی بجلی کی راہداریوں میں سے ایک ہے۔ ایل ایس پاور گرڈ نیو یارک اور نیو یارک پاور اتھارٹی کا ایک مشترکہ منصوبہ، CEEC ریاست بھر میں مزید قابلِ تجدید توانائی کی روانی کے قابل بنائے گا اور نیو یارک کو اپنے ملک کے صفِ اول کے صاف توانائی کے اہداف کو پورا کرنے میں مدد دے گا، بشمول اور 70 فیصد سنہ 2030 تک قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور سنہ 2040 تک بجلی کے شعبے میں کاربن کا صفر اخراج۔

**نیو یارک پاور اتھارٹی کے قائم مقام صدر اور سی ای او Justin E. Driscoll نے کہا،** "میں سینٹرل ایسٹ انرجی کنیکٹ پراجیکٹ پر ہونے والی اہم پیش رفت سے بہت خوش ہوں، ایل ایس پاور گرڈ نیو یارک، نیو یارک پاور اتھارٹی

اور ایک مضبوط یونین کرافٹ لیبر فورس کے درمیان تعاون کا بہت شکریہ۔ اس طرح کے ترسیلی نظام کو اپ گریڈ کرنے سے ہمیں گرڈ پر قابلِ تجدید توانائی کے مزید ذرائع لانے کی اجازت ملے گی، اس طرح قدرتی تیل کے استعمال میں کمی آئے گی، ماحول کو بہتر بنایا جائے گا، اور گرڈ کو مزید لچکدار اور قابلِ اعتماد بنایا جائے گا"۔

**ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "آج کا اعلان گورنر Hochul کے نیو یارک کے تمام مکینوں کے لیے ماحولیاتی طور پر پائیدار سستی رہائش فراہم کرنے کے عزم کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ 15$ ملین کی فیوچر ہاؤسنگ پہل کاری نیو یارک سٹی کے رہائشیوں کے لیے 30 تک صاف، برقی، اور سستی عمارتوں کی ترقی میں سہولت فراہم کرے گی۔ یہ پروگرام، HCR کی صاف توانائی پہل کاری، جو ڈویلپرز کو سستی ہاؤسنگ فنانس کے مواقع تک ہموار رسائی فراہم کر رہی ہے جو توانائی سے چلنے والے، تمام الیکٹرک سستے یونٹس تیار کر سکتے ہیں، کے ساتھ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ نیو یارک کاربن کے اخراج کے خاتمے والی رہائش گاہوں کو حاصل کرنے میں رہنمائی جاری رکھے۔ مل جُل کر یہ پروگرام ناصرف ان لوگوں کو فائدہ پہنچائیں گے جو جدید، لچکدار اپارٹمنٹس کو اپنا گھر کہہ سکیں گے، بلکہ پورے علاقوں کو عمارتوں سے کاربن کے کم اخراج سے بہتر ہوا کے معیار سے لطف اندوز ہونے کے قابل بنائیں گے"۔

**ایل ایس پاور گرڈ نیو یارک کے سی ای او Paul Segal نے کہا،** "پرنس ٹاؤن سب سٹیشن کو فعال بنانا ایل ایس پاور گرڈ نیو یارک اور نیو یارک پاور اتھارٹی ٹیم کے لیے ایک اور عظیم کامیابی ہے۔ ہم اس سال سنٹرل ایسٹ انرجی کنیکٹ پراجیکٹ کی تکمیل کی طرف دیکھ رہے ہیں، ریاست نیو یارک کے برقی نظام کے اس اہم حصے کو جدید بناتے ہوئے تاکہ قابلِ اعتماد صاف توانائی کی طرف منتقلی کو آگے بڑھایا جا سکے"۔

CEEC پراجیکٹ اس سال کے آخر میں مکمل ہونے والا ہے اور اس میں ریاست نیو یارک کی توانائی کی ضروریات کو آج اور مستقبل میں پورا کرنے میں مدد کے لیے تبدیل کی جانے والی لائنوں کی گنجائش سے تقریباً پانچ گنا زیادہ ہو گی۔ 615$ ملین کے منصوبے نے موجودہ لائنوں اور لکڑی کے کھمبوں کی جگہ لینی ہے - جن میں سے بہت سے تقریباً 60 سال پرانے ہیں - موجودہ یوٹیلیٹی رائٹس آف وے میں سٹیل کے مضبوط کھمبوں کے ساتھ مجموعی طور پر، یہ منصوبہ ٹرانسمیشن کے تقریباً 1,250 بوسیدہ ڈھانچوں کو ہٹا کر انہیں تقریباً 700 نئے مونو پولز سے تبدیل کر دے گا۔ مزید برآں، پرنس ٹاؤن سب سٹیشن کو توانائی بخشنے کے آج کے اعلان کے ساتھ، پراجیکٹ کے دو نئے ذیلی سٹیشن اب دونوں ہی فعال ہیں۔

نیو یارک کے لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado، نیو یارک کے انڈیپنڈنٹ سسٹم آپریٹر کے صدر اور سی ای او Rich Dewey، اور ریاستی توانائی اور ماحولیات کے دیگر نمائندوں نے اکتوبر 2022 کی ایک تقریب میں پراجیکٹ کی پیش رفت کو دیکھا تھا جس کے لیے سکینیکٹیڈی کاؤنٹی میں گورڈن روڈ سب سٹیشن کو بجلی دی گئی تھی۔

**نیو یارک کے انڈیپنڈنٹ سسٹم آپریٹر کے صدر اور سی ای او Rich Dewey نے کہا،** "نیو یارک پاور اتھارٹی (NYPA) اور ایل ایس پاور گرڈ نیو یارک کا یہ اہم سنگ میل برقی نظام کو مضبوط بنانے اور منتقلی میں گرڈ کو آگے بڑھانے میں ایک اور بڑی کامیابی ہے۔ سینٹرل ایسٹ انرجی کنیکٹ ریاست نیو یارک کے قومی سطح پر کام کرنے اور ہمارے گرڈ کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے عزم کی ایک بڑی مثال ہے"۔

یہ پورے نیو یارک میں بجلی کی ترسیل کے منصوبوں کی ایک بڑی تعمیر کا حصہ ہے، جس میں 1,000 میل سے زیادہ منصوبہ بند ٹرانسمیشن سرمایہ کاری شامل ہے جو ریاست کے ان حصوں کے لیے قابلِ تجدید توانائی کے زیادہ سے زیادہ استعمال کے مواقع پیدا کرے گی جو فی الحال قدرتی تیل کے پلانٹس پر بہت زیادہ انحصار کرتے ہیں۔ CEEC کے علاوہ، NYPA نارتھ کنٹری میں اپنے موسز-اڈیرونڈیک سمارٹ پاتھ ریلائیبلٹی پراجیکٹ پر کام جاری رکھے ہوئے ہے اور سمارٹ پاتھ کنیکٹ پراجیکٹ پر پچھلے سال کے آخر میں تعمیر شروع ہوئی، ایک ٹرانسمیشن پراجیکٹ جو NYPA نیشنل گرڈ کے ساتھ مل کر شروع کر رہا ہے۔ کئی اضافی ٹرانسمیشن منصوبے تعمیر کے مختلف مراحل میں ہیں جن میں نیو یارک ٹرانسکو کا نیو یارک انرجی سلوشن شامل ہے جس میں ہڈسن ویلی

میں تقریباً 54 میل ٹرانسمیشن لائنوں کی تعمیرِ نو شامل ہے اور نیکسٹ اِرا انرجی ٹرانسمیشن نیو یارک کا مغربی نیو یارک میں حال ہی میں مکمل ہوا اور تقریباً 20 میل کا ایمپائر سٹیٹ لائن پراجیکٹ۔

دو نئے بڑے ترسیلی اور قابلِ تجدید توانائی کے منصوبے، جنہیں گورنر Hochul نے سنہ 2021 میں نیو یارک سٹی میں صاف توانائی کی نقل و حمل میں مدد کے لیے منتخب کیا تھا، شروع ہونے والے ہیں اور اجازت کے منتظر ہیں: کلین پاتھ نیو یارک، NYPA اور فارورڈ پاور کے درمیان تعاون کے ذریعے تیار کیا گیا ایک منصوبہ (Invenergy اور energyRe کا مشترکہ منصوبہ) جو اس وقت اپنے آرٹیکل VII کے جائزے سے گزر رہا ہے اور ٹرانسمیشن ڈویلپرز انکارپوریشن کی جانب سے تیار کردہ چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس ٹرانسمیشن پراجیکٹ۔

سینٹرل ایسٹ انرجی کنیکٹ پراجیکٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، CEEC پراجیکٹ کی ویب سائٹ دیکھیں۔ لائن کی تعمیر کی حالیہ تصاویر دیکھیں۔

**نیو یارک سٹیٹ سینیٹ انرجی کے چیئر Kevin Parker نے کہا،** "گورنر Hochul اور تمام پارٹیوں نے نیو یارک کی صاف توانائی کو تقریباً مکمل کرنے کے لیے جو کام کیا ہے ہم اس کے ساتھ درست سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ ریاست نیو یارک میں مزید قابلِ تجدید توانائی کا ہونا آنے والی نسلوں کو فائدہ دے گا۔ میں گورنر Hochul کو آب و ہوا کی تبدیلی سے نمٹنے اور ہمارے انرجی گرڈ کو ایک واقعی ماحول دوست، سبز اور قابل تجدید انرجی گرڈ میں منتقل کرنے کے عزم کے لیے سراہتی ہوں۔"

**نیو یارک سٹیٹ اسمبلی کی توانائی کی چیئر Didi Barrett نے کہا،** "ہمارے توانائی کے گرڈ کی بھروسہ مندی میں اضافہ ہمارے CLCPA کے اہداف تک پہنچنے کے لیے ضروری ہے، اور ہمارے ترسیلی نظام کو جدید بنانا ریاست نیو یارک میں صاف توانائی کے محفوظ اور قابلِ اعتماد بہاؤ کو یقینی بنانے کا کلیدی حصہ ہے۔ پرنس ٹاؤن ذیلی سٹیشن کی آج کی تکمیل سینٹرل ایسٹ انرجی کنیکٹ کو مکمل کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ میں گورنر Hochul کی قیادت کے لیے ان کی شکر گزار ہوں۔"

**ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ**

ریاست نیویارک کا قومی سطح کا ماحولیاتی ایجنڈا ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندانوں کے لیے پائیداری والی ملازمتیں پیدا کرتا ہے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دیتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، صاف ستھری توانائی کی سرمایہ کاری کے فوائد کا، کم از کم 35 فیصد حصہ، پسماندہ کمیونٹیز کو دیا جائے۔ ملک کے کچھ انتہائی جارحانہ موسمیاتی اور صاف توانائی کی پہل کاریوں کی رہنمائی میں، نیویارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر کے اخراج والے بجلی کے شعبے کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے، جس میں سنہ 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک کاربن سے معیشت گیر چھٹکارا شامل ہے۔ اس منتقلی کا ایک سنگِ بنیاد نیو یارک کی صاف توانائی پر بیمثال سرمایہ کاری ہے، بشمول ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں $35 بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے $6.8 بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے $1.8 بلین سے زیادہ، صاف نقل و حمل کی پہل کاریوں، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں $1.8 بلین سے زیادہ۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں 2021 میں نیویارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں اور 2011 سے تقسیم شدہ سولر سیکٹر میں 2,100 فیصد اضافے میں معاونت کر رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ تقریباً 400 رجسٹر شدہ اور 100 سندیافتہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف ستھری توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ اقدام کے ساتھ نیویارک کی ماحولیاتی کارروائی کو آگے بڑھانے کے لیے شراکت داریاں جاری ہیں تاکہ فضائی آلودگی کی مداخلتوں اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد مل سکے۔

**ایل ایس پاور کے متعلق**

ایل ایس پاور گرڈ نیو یارک ایک ایل ایس پاور کمپنی ہے جو نیو یارک کے لیے قابلِ اعتماد اور کم لاگت کا ترسیلی بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنے کے لیے وقف ہے۔ ایل ایس پاور ایک ترقیاتی، سرمایہ کاری اور آپریٹنگ کمپنی ہے جو شمالی امریکہ کے بجلی اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کے شعبے پر مرکوز ہے۔ سنہ 1990 میں اپنے قیام کے بعد سے، 680 میل سے زیادہ ہائی وولٹیج ترسیل کی تیاری کے علاوہ، ایل ایس پاور نے 46,000 میگاواٹ سے زیادہ بجلی کی پیداوار تیار کی، ڈھانچہ تعمیر کیا، اس کا انتظام کیا یا اسے حاصل کیا ہے، بشمول یوٹیلیٹی کے پیمانے پر شمسی، ہوائی، پن بجلی، قدرتی گیس جلا کر بنائی گئی اور بیٹری توانائی ذخیرہ کرنے کے منصوبے۔ مزید برآں،ایل ایس پاور قابلِ تجدید توانائی اور ایندھن نیز تقسیم شدہ توانائی کے وسائل کے پلیٹ فارمز، جیسے CPPower انتظامِ توانائی، Endurant انرجی اور EVgo پر توجہ مرکوز کرنے والے کاروباروں میں فعال طور پر سرمایہ کاری کرتی ہے۔ اپنی کوششوں کے دوران، ایل ایس پاور نے شمالی امریکہ کے بنیادی ڈھانچے کو سہارا دینے کے لیے قرض اور ایکویٹی فنانسنگ میں 49$ بلین سے زیادہ کا اضافہ کیا ہے۔ مزید معلومات کے لیے براہِ کرم www.LSPower.com ملاحظہ کریں۔

**NYPA کے متعلق**

NYPA ملک میں کسی ریاست کا بجلی کا سب سے بڑا ادارہ ہے، جو 16 پیداواری تنصیبات اور 1,400 سرکٹ میل سے زائد ترسیلی لائنیں چلاتا ہے۔ NYPA جو بجلی پیدا کرتا ہے اس کا 80 فیصد سے زیادہ صاف قابلِ تجدید پن بجلی ہے۔ NYPA بجلی کی فروخت اور بانڈز کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی کے ساتھ اپنے کاموں کی مالی معاونت کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے www.nypa.gov ملاحظہ کریں اور Twitter@NYPAenergy، فیس بُک، انسٹاگرام،ٹمبلر اورلنکڈان پر ہمیں فالو کریں۔

**سینٹرل ایسٹ انرجی کنیکٹ کے متعلق**

سینٹرل ایسٹ انرجی کنیکٹ پراجیکٹ مارسی اور نیو سکاٹ لینڈ کے قصبوں کے درمیان موجودہ یوٹیلیٹی راہداریوں کے اندر برقی ترسیل کی سہولیات کو بہتر بنائے گا۔ یہ اپ گریڈ نیو یارک کے پاور گرڈ میں رکاوٹوں کو دور کرنے، قابلِ تجدید توانائی کو سہارا دینے، بھروسہ مندی کو بہتر بنانے کے لیے پرانے بنیادی ڈھانچے کو تبدیل کرنے، اور ریاست نیو یارک میں کاروباروں اور رہائشیوں کو بہت سے دوسرے فوائد فراہم کرنے میں مدد کرے گی۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418